**Media Coordinator's Office**

**Jamia Millia Islamia**

November 10, 2016

**Press Invite**

## جامعہ میں ۱۵ نومبر کو مرکزی وزیر جناب کلراج مشرا کے ذریعہ 'لیولیہوڈ بزنس انکیوبیٹر' کا افتتاح

جناب کلراج مشرا (مرکزی وزیر مائیکرو وا سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز، حکومتِ ہند) نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ وہ ۱۵ نومبر ۲۰۱۶ صبح ۱۱ بجے جامعہ ملیہ کے پولٹکنک آڈیٹوریم میں 'لیولیہوڈ بزنس انکیوبیٹر' کا افتتاح کریں گے۔

اپنے دورے کے دوران معزز وزیر 'لیولیہوڈ بزنس انکیوبیٹر' کا آغاز کریں گے جو کے جامعہ کے سینٹر فور انویشن اینڈ انٹر پر ینر شپ (CIE) کے ذریعہ قائم کیا گیا ہے۔

یہ پروگرام منسٹری آف مائیکرو وا سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز کی ASPIRE اسکیم کے تحت شروع کیا جائیگا۔

LBI پروگرام کے قیام کا مقصد نئے کاروباریوں کو تربیت اور مہارت دینا ہے تا کہ وہ مصنوعات کی مینوفکچرنگ، تکنیکی ترقی، کاروباری نشونما اور مارکیٹنگ وغیرہ کو سیکھ سکیں۔

LBI انٹر پرینر شپ اینڈ اسکل ڈیولپمینٹ پر چھ ہفتوں کے قلیل مدتی پروگرام کا بھی آغاز کریگا جن میں PET بوتل بنانے، آرو پلانٹ، بیکری کی مصنوعات، مسالوں کو پیسنے اور پیکنگ کرنے، سلائی کرنے اور مشینی کڑھائی، کمپیوٹر ہارڈویر اور نیٹورکنگ اور زیورات سازی جیسی مہارتیں پیدا کی جائیں گی۔

یہ پروگرام شرکاہ کو انکے اپنے کاروباری یونٹس قائم کرنے میں کافی مدد کریگا۔

آپ سے درخواست ہے کہ جامعہ میں معزز وزیر کے اس اہم دورے کا احاطہ کرنے کے لئے ایک فوٹوگرافر اور ویڈیوگرافر کو مقرر کریں، داخلہ گیٹ نمبر ے سے ہوگا۔

مزید تفصیلات کے لئے براہِ کرم پروفیسر افتخار احمد (media coordinator, 9911109399)، پرفیسر صائمہ سعید (Deputy Media Coordinator, 9891227771)، پروفیسر درگا پرساد گپتا (9868255696) اور جناب شریف صدیقی (9990478066) سے رابطہ کرے۔

پرفیسر صائمہ سعید

Deputy Media Coordinator